ایک بل

خیبر پختونخوا محکمہ ذرائع وآمدورفت نقل وحمل وبار برداری کے ملازمین (خدمات کی مستقلی) کے قانون مجریہ ۲۰۲۲ء کی منسوخی/تنسیخ کے لئے ہرگاہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ خیبر پختونخوا محکمہ ذرائع وآمدورفت نقل وحمل وبار برداری کے ملازمین (خدمات کی مستقلی) کے قانون مجریہ ۲۰۲۲ء (خیبر پختونخوا ۲۰۲۲ء کا قانون نمبر XXIV) کو منسوخ/تنسیخ کی جائے۔

یہ قانون خیبر پختونخوا کی صوبائی مجلس سے درج ذیل طرح سے وضع کیا جاتا ہے۔

۱۔ **مختصر عنوان اور نفاذ۔**

(۱) یہ قانون خیبر پختونخوا محکمہ ذرائع وآمدورفت نقل وحمل وبار برداری کے ملازمین (خدمات کی مستقلی) کی (منسوخی/تنسیخ) قانون مجریہ ۲۰۲۴ء کے نام سے کہلائے گا

(۲) یہ قانون مورخہ ۱۲ جون ۲۰۲۲ سے نافذالعمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات۔**

اس قانون میں سیاق وسباق سے ہٹکر درج ذیل کے معنی ہونگے جیسے۔

(ا) "ملازمین" سے مراد وہ ملازمین ہیں جو کہ خیبر پختونخوا محکمہ ذرائع وآمدورفت نقل وحمل وبار برداری (خدمات کی مستقلی) کے قانون مجریہ ۲۰۲۲ء (خیبر پختونخوا ۲۰۲۲ء قانون نمبر XXIV) میں بیان کردہ ہیں۔

(ب) "منسوخ شدہ قانون/تنسیخ شدہ قانون" سے مراد خیبر پختونخوا محکمہ ذرائع وآمدورفت نقل وحمل وبار برداری کے ملازمین (خدمات کی مستقلی) کے قانون مجریہ ۲۰۲۲ء (خیبر پختونخوا ۲۰۲۲ء قانون نمبر XXIV) ہے۔

۳۔ **منسوخی/تنسیخ۔**

خیبر پختونخوا محکمہ ذرائع وآمدورفت نقل وحمل بار برداری کے ملازمین (خدمات کی مستقلی) کے قانون مجریہ ۲۰۲۲ء (خیبر پختونخوا ۲۰۲۲ء قانون نمبر XXIV) کو بذریعہ ہذا منسوخ کیا جاتا ہے اور ایسا سمجھا جائے کہ یہ قانون کبھی نافذالعمل ہی نہیں تھا۔

۴۔ **ملازمین کی قانونی حیثیت/حیثیت۔**

منسوخ شدہ/تنسیخ شدہ قانون میں شامل کسی بھی چیز، موجودہ رائج الوقت کسی بھی دیگر قانون یا قواعد یا حکم عدالت کسی بھی عدالت یا خصوصی عدالت کے فیصلوں بلالحاظ/بلاوصف اس منسوخ شدہ/تنسیخ شدہ قانون کے تحت ایسے ملازمین کو ایسا سمجھا جائے گا کہ یہ کبھی ایسی اسامیوں پر تعنیات اور مستقل ہوئے ہی نہیں ہوئے۔

بیان اغراض واظہار وجود

مُستحن ہے کہ خیبر پختونخوا محکمہ ذرائع وآمدورفت نقل وحمل وبار برداری کے ملازمین (خدمات کی مستقلی) کے قانون مجریہ ۲۰۲۲ء کو منسوخ کیا جائے۔ لہذا بل ہذا پیش کیا جاتا ہے۔